طلبہ و طالبات درسی کتابوں اور شروح کے علاوہ

کونسی کتابیں خریدیں؟

مولانا محمد یحییٰ
مدرس جامعہ عثمانیہ پشاور

وخیر جلیس فی الزمان کتاب

طلبہ وطالبات درسی کتابوں اور شروح کے علاوہ

کونسی کتابیں خریدیں؟

مولانا محمد یحییٰ

مدرس جامعہ عثمانیہ پشاور

نامِ کتاب : کونسی کتابیں خریدیں؟

مؤلف: مولانا محمد یحییٰ (مدرس جامعہ عثمانیہ پشاور)

طبع اوّل: ربیع الثانی ۱۴۴۳ھ / نومبر ۲۰۲۱ء

تعداد: ۱۱۰۰

ناشر: العصر اکیڈمی، جامعہ عثمانیہ پشاور

تقسیم کنندہ: مکتبۃ العصر، جامعہ عثمانیہ، عثمانیہ کالونی نوتھیہ روڈ پشاور

برائے رابطہ: 0332 9987885 0314 9061952

فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سخنِ اوّلیں

کتاب کیا ہے؟

- کتاب (ک) کمال کی حد تک (ت) تعلیم و تربیت سے آراستہ کرنے والا (ا) استاد ہے جو نہایت (ب) بردبار بھی ہے۔
- بلند اخلاق و کردار سے آراستہ کرنے والا مشفق و مہربان اور خوش خلق و خوش خُو مربی بھی ہے۔
- جو تعلیم و تربیت کے کسی مرحلے پر برداشت نہیں کھوتا، اسے دس مرتبہ پڑھو، سو مرتبہ پڑھو یا ہزار مرتبہ، وہ کبھی تھکتا ہے اور نہ اکتاتا ہے۔
- اسے دن رات، سردی گرمی، خوشی و غمی، راحت و تکلیف، غرض جس وقت بھی کھولو وہ مسکرا کر آپ کو خوش آمدید کہتا ہے اور بے لوث جذبہ کے ساتھ بیش بہا ہیرے وجواہر آپ کی جھولی میں ڈالتا ہے۔
- جب تک آپ نہیں اکتاتے وہ نہیں اکتاتا، جب تک آپ اسے بند کر کے نہیں رکھتے وہ آپ سے تھکاوٹ یا اکتاہٹ کی شکایت نہیں کرتا۔
- نہ آپ سے دانہ پانی مانگتا ہے اور نہ چائے پتی۔
- یہ آپ کے قیمتی اوقات کا محافظ بھی ہے۔ آپ کی زندگی کے قیمتی لمحات کو محفوظ رکھتا ہے اور ضائع ہونے سے بچاتا ہے، بلکہ صرف اوقات ہی نہیں آپ کو کئی فضولیات سے محفوظ رکھ کر آپ کے اخلاق و کردار کی بھی

حفاظت کرتا ہے۔

- آپ کا غمخوار و غمگسار بھی ہے۔ غم و حزن کے لمحات میں آپ اسے کھولیں تو آپ کو تسلی واطمینان دیتا ہے۔
- اس کی ایک عجیب خوبی یہ ہے کہ زمان و مکان کی دوریوں کو سمیٹ کر کسی بھی مجلس میں آپ کو لمحوں میں پہنچا دیتا ہے۔ انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، اولیاء، فقہاء، محدثین اور مفسرین رحمہم اللہ کی مجلس ہو یا بادشاہوں، وزیروں اور مشیروں کے دربار یہ لمحوں میں آپ کو پہنچا دیتا ہے اور آپ جب تک چاہیں ان کی صحبت میں وقت گزار کر موتیاں سمیٹتے رہیں۔
- سفر ہو یا حضر، دھوپ ہو یا چھاؤں یہ آپ کے وفادار دوست کی حیثیت سے آپ کا ہمسفر رہتا ہے بشرطیکہ آپ اس سے بے وفائی کر کے اس کو چھوڑ کر نہ جائیں۔
- آپ جانتے ہیں! کتاب ایک جادوئی دروازہ ہے جس کے دونوں کھواڑ کھول کر ہم اپنی ماضی کے اُن سب اسلاف سے ملاقات کر سکتے ہیں جن سے ملاقات اور استفادہ نہ کر سکنے کی ہمیں عمر بھر حسرت رہتی ہے۔ اس دروازے سے ہم بآسانی اُن کی ملاقات اور اقوال وملفوظات اور نصیحتوں سے باریاب ہو سکتے ہیں۔ اس لیے کہا جاتا ہے کہ "کتاب آپ کو اسلاف کی ارواح سے ملانے کا آسان ذریعہ ہے۔"
- کتاب ایک شیرین اور صاف وشفاف چشمہ بھی ہے جو ہر پیاسے کو اس کی

پیاس کے مطابق سیراب کرتا ہے اور ہر صراحی کو اس کے ظرف کے مطابق بھرتا ہے۔

تو میرے عزیزو!

جب کتاب ایک بردبار استاد، ایک مشفق مربی، ایک چاق وچوبند محافظ، ایک مخلص غمخوار، ایک وفادار دوست اور اسلاف سے ملانے والا جادوئی دروازہ ہے تو پھر کیا کوئی سچا طالب علم اس سے غفلت اور دوری برداشت کر سکتا ہے؟! کیا اپنے آپ کو حصول علم کے لیے وقف کرنے والا کوئی بندہ اس سے استغناء برت سکتا ہے؟! کیا سچی پیاس رکھنے والا کسی شیرین چشمے کو نظر انداز کر سکتا ہے؟! نہیں اور یقیناً نہیں۔

حصول علم کی جستجو رکھنے والا ہر سچا طالب علم کتاب سے تعلق کو مضبوط سے مضبوط تر بناتا ہے اور اس سے دوستی کو ہر دوسرے مشغلے پر ترجیح دیتا ہے۔ ہر قسم کی لایعنی سے پرہیز، بالخصوص دورِ جدید کی پیداوار لایعنی مشاغل کے زہریلے اثرات سے اپنے آپ کو بچانا طالب علم کا شیوہ ہے۔ اگر طالب علم اپنے اساتذہ ومربیین اور کتابوں سے مضبوط تعلق بناتا ہے تو تبھی اس کو صراط مستقیم پر استقامت اور منزل مقصود تک وصول کا سفر ممکن ہو سکتا ہے ورنہ تو۔۔۔ الأمان والحفیظ۔

کتاب سے تعلق جوڑنے کا عزم رکھنے والے عزیز طلبہ کا ایک اہم سوال یہ ہوتا ہے کہ مطالعہ کے لیے کون کون سی کتابوں کا انتخاب کیا جائے؟ طلبائے علوم نبوت اپنے اساتذہ سے اس بارے میں رہنمائی کی درخواست کرتے رہتے ہیں اور اساتذہ کرام اپنی ذوق اور طالب علم کے استعداد کے مطابق کتابیں تجویز کرتے ہیں۔ کبھی طالب علم اپنی محدود جمع پونجی سے کتابوں کی خریداری کرنا چاہتا ہے تو اسے بھی رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے کہ ترجیحی بنیاد پر کون کونسی کتابیں

خرید لینا چاہیے۔ بندہ سے بھی یہ سوال بارہا کیا گیا اور ہر مرتبہ یہ سوال میرے لیے آزمائش بنتا رہا کیونکہ ''المستشار مؤتمن'' کی رو سے ہزاروں بہترین اور مفید کتابوں میں سے دیانتداری کے ساتھ کسی ایک یا چند کتابوں کے نام بتانا میرے جیسے کم مایہ کے لیے کسی بڑے امتحان سے کم نہیں۔ چنانچہ ذہن میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ کیوں نہ کتب بینی کا ذوقِ سلیم رکھنے والے اہل علم کی مشاورت سے ایک فہرست مرتب کرلی جائے، جو اس سلسلے میں رہنمائی کا کام دے سکے۔ اگرچہ اس حوالے سے کوئی حتمی فہرست بنانا شاید ممکن نہ ہو لیکن حتی الوسع کوشش کی گئی ہے کہ بہتر سے بہتر کا انتخاب ہو۔

یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ یہ فہرست ابتدائی یا متوسط درجہ کے طلبہ لیے ہے، متخصصین کے لیے نہیں۔ متخصصین اپنے تخصص کے اعتبار سے کتابوں کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ چھوٹے مدارس بھی اپنی لائبریری کے لیے اس فہرست سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ کوشش کی گئی ہے کہ ہر علم کی چند اہم کتابوں کو الأہم فالأہم کی ترتیب سے لکھا جائے اس لیے ہر ضروری علم کی ایک ایک کتاب خرید کر، پھر اگر وسعت ہو تو دوسری دوسری کتاب خریدی جائے۔ اللہ تعالیٰ اس کو نافع بنائے، اور اس میں موجود کمی کوتاہی کو معاف فرمائے۔

آمین یا ربّ العالمین

فہرستِ کتب

طلبہ وطالبات کو درسِ نظامی کی کتابوں اور شروح کے علاوہ جن کتابوں کی ضرورت پڑتی ہے، موضوعات کی ترتیب سے اُن کی فہرست یہاں درج کی جاتی ہے۔ ہر موضوع کے تحت صرف چند منتخب کتابوں کے نام درج کیے ہیں۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اس موضوع میں بس یہی کتابیں اہم اور قابلِ مطالعہ ہیں، علماے امت کی کاوشوں سے ہر موضوع میں سینکڑوں اہم کتابیں دستیاب ہیں، لیکن ایک طالب علم نہ سب کتابیں خرید سکتا ہے اور نہ پڑھ سکتا ہے اس لیے انتخاب سے کام لیا گیا ہے۔ اسی طرح اِن موضوعات میں بھی حصر نہیں، بلکہ دیگر بہت سارے اہم موضوعات بھی ہیں تاہم علومِ دینیہ کے طلبہ وطالبات کے لیے زیادہ اہمیت کے حامل موضوعات یہاں درج کر دیے گئے ہیں۔

موضوعات کے تحت کتابوں کو جس ترتیب سے درج کیا گیا ہے، خریداری یا مطالعہ کے لیے اس ترتیب کی رعایت ان شاء اللہ مفید ہوگی، تاہم طلبہ وطالبات اپنے اساتذہ کرام سے اس سلسلے میں مشاورت لازماً کریں۔ والله هو الموفق والمعين

عربی تفاسیر

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	ناشر
۱	صفوة التفاسير	محمدعلى الصابوني	المكتبة العصرية بيروت

٢	تفسير ابن كثير	إسماعيل بن عمر بن كثير القرشي الدمشقيؒ	دار الكتب العلمية، بيروت
٣	أحكام القرآن للقرطبي	شمس الدين القرطبي	مؤسسة الرسالة، بيروت
٤	روح المعاني	شهاب الدين محمود الآلوسي	دار الكتب العلمية بيروت
	اردو تفاسیر		
١	معارف القرآن	مفتی محمد شفیعؒ	مکتبہ معارف القرآن کراچی
٢	بیان القرآن	مولانا اشرف علی تھانویؒ	ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان
٣	معارف القرآن	مولانا محمد ادریس کاندہلویؒ	قرآن محل، لاہور
٤	محاسن القرآن	مولانا مفتی غلام الرحمن	مکتبۃ العصر پشاور
٥	معالم العرفان	مولانا صوفی عبد الحمید سواتیؒ	مکتبہ دروس القرآن گوجرانوالہ
٦	تفسیر ہدایت القرآن	مولانا سعید احمد پالن پوریؒ	مکتبہ حجاز، دیوبند
	تراجم القرآن		
١	آسان ترجمہ قرآن	مفتی محمد تقی عثمانی	مکتبہ معارف القرآن کراچی

علوم القرآن			
۱	الفوز الكبير	شاہ ولی اللہؒ	زمزم پبلیشرز، کراچی
۲	مباحث في علوم القرآن	مناع القطان	
۳	علوم القرآن	مفتی محمد تقی عثمانی	مکتبہ دارالعلوم کراچی
۴	المفردات في غريب القرآن	راغب الأصفهاني	دار المعرفة، بيروت
کتب حدیث (عربی)			
۱	رياض الصالحين	الإمام النوويؒ	مکتبۃالبشری، کراچی
۲	الأدب المفرد	الإمام البخاريؒ	دار الكتب العلمية، بيروت
کتب حدیث (اردو)			
۱	معارف الحدیث	مولانا منظور احمد نعمانی	دارالاشاعت کراچی
۲	جواہر الحدیث	مولانا عاشق الٰہی بلند شہریؒ	مکتبۃ البشریٰ کراچی
۳	ترجمان السنۃ	مولانا بدر عالم میرٹھیؒ	مکتبہ رحمانیہ، لاہور

۴	درس حدیث	مولانا مفتی عبد الستارؒ	ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان
	علوم الحدیث		
۱	تیسیر مصطلح الحدیث	د۔ محمود الطحان	مکتبۃ البشریٰ، کراچی
۲	تدوین حدیث	مولانا مناظر احسن گیلانیؒ	مکتبۃ البشریٰ، کراچی
۳	سنت کا تشریعی مقام	مولانا محمد ادریس میرٹھی	بیت التوحید کراچی
۴	حجیتِ حدیث	مفتی محمد تقی عثمانی	ادارہ اسلامیات، لاہور
۵	محدثینِ عظام اور ان کی کتابوں کا تعارف	شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خانؒ	مکتبہ فاروقیہ کراچی
	کتبِ فقہ و فتاویٰ (عربی)		
۱	بدائع الصنائع	علاء الدين الكاسانيؒ	دار الكتب العلمية بيروت
۲	رد المحتار (فتاویٰ شامی)	محمد امين ، ابن عابدين الدمشقيؒ	مکتبہ امدادیہ ملتان
۳	الفتاویٰ الهندية	الشيخ نظام وجماعة من علماء الهند	دار الكتب العلمية بيروت

۴	البحرالرائق	زين الدين ابن نجيم الحنفيؒ	دار الكتب العلمية بيروت
	کتبِ فقہ وفتاویٰ (اردو)		
۱	بہشتی زیور (مکمل ومدلل)	مولانااشرف علی تھانویؒ	ادارہ اسلامیات، لاہور
۲	امدادالفتاویٰ (مع جدید حاشیہ)	مولانااشرف علی تھانویؒ	--
۳	فتاویٰ دارالعلوم دیوبند	مولانامفتی عزیزالرحمنؒ	دارالاشاعت، کراچی
۴	فتاوی عثمانیہ	مولانامفتی غلام الرحمن	العصر اکیڈمی، پشاور
۵	فتاوی عثمانی	مولانامفتی محمد تقی عثمانی	مکتبہ معارف القرآن، کراچی
۶	فتاویٰ دارالعلوم زکریا	مولانامفتی رضاءالحق	زمزم کراچی
۷	عطرِہدایہ	مولانافتح محمد تائبؒ	مکتبہ نعیمیہ، مردان
	جدید فقہی کتب (عربی)		
۱	قرارات المجمع الفقهي الإسلامي بمكة المكرمة	المجمع الفقهي رابطة العالم الإسلامي	--

۲	فقه البيوع على المذاهب الأربعة	مفتى محمد تقي العثماني	مكتبة معارف القرآن، كراتشي
۳	الفقه الإسلامي وأدلته	دكتوروهبة الزحيلى	دار الفكر سوريا

جدید فقہی کتب (اُردو)

۱	اہم فقہی فیصلے	مولانا مجاہد الاسلام قاسمی	ادارۃ القرآن وعلوم اسلامیہ، کراچی
۲	اسلام اور جدید معیشت وتجارت	مفتی محمد تقی عثمانی	مکتبہ معارف القرآن کراچی
۳	قاموس الفقہ	مولانا خالد سیف اللہ رحمانی	زمزم پبلشرز، کراچی
۴	جدید فقہی مسائل	مولانا خالد سیف اللہ رحمانی	زمزم پبلشرز، کراچی
۵	آسان فقہ المعاملات	مفتی محمد حسین خلیل خیل	الحجاز، کراچی
۶	اسلامی بینکاری کی بنیادیں	مفتی محمد تقی عثمانی	مکتبہ عارفی فیصل آباد

عقائد

۱	المہند علی المفند	مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ	ادارہ اسلامیات

۲	عقائد اہل السنۃ والجماعۃ	مولانا مفتی طاہر مسعود	خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ، میانوالی
۳	علمائے دیوبند کا دینی رُخ اور مسلکی مزاج	مولانا قاری محمد طیب ؒ	ادارہ اسلامیات، کراچی
۴	عقائد الاسلام	مولانا محمد ادریس کاندہلوی ؒ	ادارہ اسلامیات، کراچی
	سیرت		
۱	سیرت خاتم الانبیاء	مولانا مفتی محمد شفیع ؒ	
۲	الرحیق المختوم (عربي، اردو)	مولانا صفی الرحمن مبارک پوری	المكتبة السلفية لاهور
۳	زادالمعادفي هدي خيرالعباد	ابن القيم الجوزية	دار الكتب العلمية بيروت
۴	سیرت المصطفٰی	مولانا محمد ادریس کاندہلوی ؒ	کتب خانہ مظہری، کراچی
۵	رحمتِ عالم	سید سلیمان ندوی ؒ	مجلس نشریات اسلام، کراچی
٦	رحمۃ للعالمین	قاضی سلمان منصور پوری ؒ	مرکز الحرمین الاسلامی، فیصل آباد

۷	خطباتِ مدراس	سید سلیمان ندویؒ	مجلسِ نشریاتِ اسلامی، کراچی

سیرتِ صحابہ

۱	حیاۃ الصحابۃ (عربی/اردو)	مولانا محمد یوسف کاندھلویؒ	البشریٰ کراچی
۲	أبو بكر الصديق(عربي)	علي الطنطاوي	دار المنارة ، جدة
۳	الفاروق	شبلی نعمانی	المصباح، لاہور
۴	سیرت حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ	مولانا حافظ عبدالوحید الحنفی	کشمیر بک ڈپو، چکوال
۵	المرتضی	مولانا ابوالحسن علی ندویؒ	مجلسِ نشریاتِ اسلام، کراچی
۶	ابوذر غفاری	مولانا مناظر احسن گیلانی	البشری کراچی

تاریخ

۱	تاریخ امت مسلمہ	مولانا محمد اسماعیل ریحان	المنہل، کراچی
۲	مختصر تاریخ اسلام	مولانا غلام رسول مہر	شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور

۳	تاریخ دعوت و عزیمت	مولانا ابوالحسن علی ندویؒ	مجلس نشریاتِ اسلام، کراچی

سیرت و سوانح اکابر

۱	سیرت ائمہ اربعہ	مولانا قاضی اطہر مبارک پوری	ادارہ اسلامیات لاہور
۲	سیرتِ حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ	مولانا حافظ عبدالوحید الحنفی	مرحبا اکیڈمی، چکوال
۳	محدثین عظام اوران کے علمی کارنامے	مولانا تقی الدین ندوی	مجلسِ نشریاتِ اسلام، کراچی
۴	آپ بیتی	مولانا محمد زکریاؒ	مکتبہ عمر فاروق کراچی
۵	بیس بڑے مسلمان	مولانا عبدالرشید ارشد	مکتبہ رشیدیہ لاہور
۶	اکابر دیوبند کیا تھے؟	مفتی محمد تقی عثمانی	مکتبہ معارف القرآن کراچی

عربی ادب

۱	مختارات من أدب العرب	أبو الحسن علي الندوي	مجلس نشريات اسلام، كراتشي
۲	رجال من التاريخ	علي الطنطاوي	دار المنارة

۳	مقالات فی کلمات	علي الطنطاوي	دار المنارة
۴	صور من حياة الصحابة	عبد الرحمن رافت پاشا	إدارة القرآن والعلوم الاسلامية، كراتشي
۵	صور من حياة الصحابيات	عبد الرحمن رافت پاشا	دار الأدب الإسلامي
۶	صور من حياة التابعين	عبد الرحمن رافت پاشا	إدارة القرآن والعلوم الاسلامية، كراتشي
۷	لاتحزن	عائض القرني	عبيكان، السعودية
۸	البيان والتبيين	أبو عثمان عمرو الجاحظ	دار ومكتبة الهلال، بيروت
		اردو ادب	
۱	کلیاتِ اقبال	علامہ محمد اقبال	شیخ غلام علی اینڈ سنز، لاہور
۲	کیفیات	زکی کیفی	ادارہ اسلامیات، لاہور
۳	جہانِ دیدہ	مفتی محمد تقی عثمانی	مکتبہ معارف القرآن، کراچی

۴	دنیا مرے آگے	مفتی محمد تقی عثمانی	مکتبہ معارف القرآن، کراچی
۵	غبارِ خاطر	مولانا ابو الکلام آزاد	--
۶	نقوشِ اقبال	مولانا ابو الحسن علی ندوی	مجلس نشریات اسلام، کراچی
۷	شہاب نامہ	قدرت اللہ شہاب	سنگ میل پبلیکیشنز، لاہور
۸	احاطہ دار العلوم میں بیتے ہوئے دن	مولانا مناظر احسن گیلانی	ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان
		عصر حاضر	
۱	معرکہ ایمان و مادیت	ابو الحسن علی ندوی	مجلس نشریات اسلام کراچی
۲	انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج و زوال کا اثر	ابو الحسن علی ندوی	مجلس نشریات اسلام کراچی
۳	اسلام اور سیاسی نظریات	مفتی محمد تقی عثمانی	مکتبہ معارف القرآن کراچی
۴	مذہب اور جدید چیلنج	مولانا وحید الدین خان	دار التذکیر لاہور
۵	راہِ عمل	مولانا خالد سیف اللہ رحمانی	زمزم، کراچی

خطبات			
۱	احسن المواعظ	مولانا محمد حسن جان شہیدؒ	العصر اکیڈمی، پشاور
۲	اصلاحی خطبات	مفتی محمد تقی عثمانی	میمن اسلامک پبلشرز، کراچی
معاجم			
۱	المعجم الوسيط	إبراهيم مصطفى	-
۲	القاموس الوحید	مولانا وحید الزمان قاسمی کیرانویؒ	ادارہ اسلامیات لاہور
۳	القاموس الجدید	مولانا وحید الزمان قاسمی کیرانویؒ	ادارہ اسلامیات لاہور
۴	فیروز اللغات	فیروز الدین	فیروز سنز لاہور
۵	التعريفات	الجرجاني	دارالكتب العلمية بيروت
٦	Dictionary		
تصوف			
۱	دِل کی دنیا	مولانا مفتی محمد شفیعؒ	ادارہ معارف القرآن، کراچی

۲	التكشف عن مهمات التصوف	مولانا اشرف علی تھانویؒ	ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان
۳	تصوف کیا ہے؟	مجموعہ مقالات	ادارہ اسلامیات
۴	شریعت وطریقت کا تلازم	مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ	مکتبۃ الشیخ بہادر آباد کراچی

اصلاحی کتب

۱	حیات المسلمین	مولانا اشرف علی تھانویؒ	المیزان، لاہور
۲	إحياء علوم الدين (عربي/اردو)	امام غزالیؒ	دارالمنہاج
۳	ایمانی صفات	مولانا مفتی سید مختار الدین شاہ	دارُ الایمان، کربوغہ
۴	مکاشفۃ القلوب (مترجم)	امام غزالیؒ	قرآن کمپلیکس لاہور
۵	تلبیس ابلیس	ابن الجوزیؒ	مکتبہ اسلامیہ، لاہور
۶	علیکم بسنتی	مولانا مفتی عبدالحکیم	ادارۃ الرشید، کراچی
۷	سنتِ حبیب ﷺ	مولانا اختر حسین بہاولپوری	مکتبہ شہیدِ اسلام کراچی

مذاہب اور فرقے

۱	آئینۂ قادیانیت	مولانا اللہ وسایا	عالمی مجلس تحفظِ ختم نبوت

۲	فرق باطلہ اور صراطِ مستقیم	مولانا مفتی نعیم	ادارہ صدائے دیوبند
۳	مکالمہ بین المذاہب	مولانا ولی خان المظفر	مکتبہ فاروقیہ کراچی
۴	تقابلِ ادیان	مولانا یوسف خان	بیت العلوم، لاہور
۵	مذاہبِ عالم کا انسائیکلوپیڈیا	مولانا طاہر ارکانی	ادارۃ القرآن کراچی
٦	اختلاف امت اور صراطِ مستقیم	مولانا یوسف لدھیانویؒ	مکتبہ مدنیہ لاہور
	آداب		
۱	آدابُ المعاشرت	مولانا اشرف علی تھانویؒ	مکتبۃ البشری، کراچی
۲	آدابُ المتعلمین	مولانا سید صدیق احمد باندویؒ	العلم پبلی کیشنز پشاور
۳	آدابُ المعلمین	مولانا سید صدیق احمد باندویؒ	--
	چند متفرق اہم کتابیں		
۱	مناجاتِ مقبول	مولانا اشرف علی تھانویؒ	--
۲	تعبیر الرؤیا	ابن سیرینؒ	المیزان، لاہور
۳	رحمۃ اللہ الواسعۃ شرح حجۃ اللہ البالغۃ	مولانا سعید احمد پالن پوریؒ	زمزم، کراچی

۴	اشرف الجواب	مولانا اشرف علی تھانویؒ	مکتبہ عمر فاروق، کراچی
۵	اعمالِ قرآنی	مولانا اشرف علی تھانویؒ	البشریٰ، کراچی
۶	تحریر کیسے سیکھیں؟	مفتی ابولبابہ شاہ منصور	السعید پبلی کیشنز، کراچی
۷	متاعِ وقت اور کاروانِ علم	مولانا ابن الحسن عباسی	مکتبہ عمر فاروق کراچی
	طالبات/خواتین کے لیے چند اہم کتابیں		
۱	سیر الصحابیات مع اسوہ صحابیات	مولانا سعید انصاری، مولانا عبد السلام ندویؒ	مکتبہ اسلامیہ لاہور
۲	اسلام اور تربیتِ اولاد	مولانا ڈاکٹر حبیب اللہ مختار	مکتبۃ الحبیب کراچی
۳	خواتین کے مسائل اور ان کا حل	مفتی ثناء اللہ محمود	دار الاشاعت کراچی
۴	تحفہ خواتین	مولانا عاشق الٰہی بلند شہری	ادارہ اسلامیات، لاہور
۵	مثالی ماں	مولانا محمد حنیف عبد المجید	بیت العلم ٹرسٹ

دیگر اہم کتب

اپنے اساتذہ و مربیین حضرات کی رہنمائی سے دیگر اہم کتابوں کے نام اس فہرست میں درج کریں۔

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف	علم

شوقِ مطالعہ کیسے پیدا ہو؟

کوئی طالبِ علم ذوقِ مطالعہ کے بغیر حقیقی معنوں میں کامیاب طالبِ علم کہلانے کے مستحق نہیں ہو سکتا، کیونکہ شوقِ مطالعہ دلیل ہے طلبِ صادق پر، اور ذوقِ مطالعہ سے محرومی اشارہ ہے کہ طلب صادق نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جتنے بھی بڑے بڑے اصحابِ علم و فضل گزرے یا موجود ہیں، ذوقِ مطالعہ اُن سب میں قدرے مشترک ہے۔

مطالعہ کا شوق پیدا کرنے کے لیے چند مشورے پیشِ خدمت ہیں:

۱۔ اپنے جیب خرچ کی رقم سے کچھ رقم بچا کر کتابوں کی خریداری کے لیے محفوظ کرنے کا اہتمام کیا جائے۔ اس طرح بچائی گئی رقم سے خریدی گئی کتابوں کے مطالعہ کا طبعاً و فطرتاً شوق ہو گا۔

۲۔ ایسے دوستوں سے تعلق قائم کریں جو علمی و مطالعاتی ذوق رکھتے ہوں، اُن سے وقتاً فوقتاً نئی کتابوں اور مطالعہ کے بارے میں گفتگو کیا کریں، اس سے نئی کتابوں کے بارے میں آگاہی بھی ہو گی اور ذوقِ مطالعہ میں بھی اضافہ ہو گا۔

۳۔ جن دوستوں کے ساتھ آپ کا اُٹھنا بیٹھنا بکثرت ہوتا ہے اُن کے ساتھ کتابوں اور مطالعہ کے بارے میں ہلکی پھلکی گفتگو کیا کریں، اور اپنے مطالعے کی دل چسپ یادیں اُن کو سنائیں تاکہ وہ بھی مطالعہ کے عادی بن جائیں۔

۴۔ اچھا کتابی ذوق رکھنے والے اہلِ علم سے روابط قائم کیجیے، اُن کی ملاقات کے لیے سفر کیجیے یا خط و کتابت کے ذریعے اُن کے تجربات سے فائدہ اُٹھائیے۔ اس سے اُن کے شوقِ مطالعہ کی رُوح آپ کے اندر بھی رفتہ رفتہ منتقل ہو گی۔

۵۔ اکابر کے ذوقِ مطالعہ پر لکھی گئی کتابوں یا تحریروں کو ڈھونڈ کر پڑھیے، مثلاً: عبد الرحمن

یوسف الفرحان کی کتاب :عشاق الکتب اور علی بن محمد العمران کی کتاب : المشوّق إلی القراءة وطلب العلم، محمد سعد رفیق کتاب: پڑھائی میں آگے بڑھنے کا راز، مولانا ابن الحسن عباسی کی کتاب: یادگارِ زمانہ شخصیات کا احوالِ مطالعہ، محمد عمران خان ندوی کی کتاب: مشاہیر اہلِ علم کی محسن کتابیں۔

۶۔ روزانہ کچھ وقت مطالعہ کے لیے خاص کریں، چاہے شروع میں تھوڑا ہی کیوں نہ ہو، پھر آہستہ آہستہ اس میں اضافہ کریں، اور پابندی سے اس وقت میں مطالعہ کیا کریں۔

۷۔ آپ جو کتابیں مطالعہ کرتے ہیں، چاہے بالاستیعاب مطالعہ کریں یا منتخب جگہوں سے یا صرف سرسری نظر سے؛ ان کے نام، تاریخ مطالعہ اور کتاب کے بارے میں تاثر مختصر الفاظ میں اپنے پاس ایک ڈائری میں درج کیا کریں۔ اس سے بھی مزید مطالعہ کی طرف رغبت میں اضافہ ہو گا۔ بہتر ہو گا کہ یہ فہرست موضوع وار مرتب کریں۔

۸۔ آج کل انٹرنیٹ کے استعمال نے عوام وخواص کے ذوقِ مطالعہ کو بری طرح متاثر کر دیا ہے۔ کوشش کیجیے کہ اس "جال" میں نہ پھنسنے پائیں اور اگر پھنس چکے ہیں تو اس سے فوری طور پر نکلنے کی طرف متوجہ ہو جائیں۔ ورنہ یہ علم وعمل اور اخلاق وکردار کے لیے نہایت خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ اس دام سے نکلنے کے لیے فوری اور سنجیدہ اقدامات اپنایئے قبل اس سے کہ دیر ہو جائے!

۹۔ جب تک انٹرنیٹ سے پوری طرح جان نہیں چھوٹتی تب تک انٹرنیٹ پر بھی کتابوں، مصنفین اور مکتبوں کے بارے میں پڑھنا یا دیکھنا شروع کریں تاکہ اس اندھیر نگری میں جب تک رہنا ہے تو کم از کم قبلہ تو درست رہے۔

۱۰۔ مضمون نویسی کی عادت سے بھی شوقِ مطالعہ پروان چڑھتا ہے کیونکہ مضمون کے لیے

مواد ڈھونڈنے میں کتابوں کی طرف مراجعت کی ضرورت پڑتی ہے اوراس طرح مختلف کتابوں سے استفادہ کاموقع ملتاہے جس سے کتابوں کے ساتھ تعلق مضبوط ہوتا جاتا ہے۔ چنانچہ کسی استاد کی رہنمائی میں مضامین لکھنے کی عادت ڈالیے اس سے قوتِ تحریر میں بہتری آئی گی اور شوقِ مطالعہ میں بھی اضافہ ہوگا۔ مضامین کو کسی رسالہ وغیرہ میں شائع کرنے کی بھی کوشش کریں اس سے آپ کو حوصلہ ملے گا۔

۱۱۔ روزانہ، ہفتہ واریاکم ازکم ہر مہینے کسی قریبی لائبریری میں جاکر محض کتابوں کا سرسری مطالعہ بھی نہایت مفید ہے۔ الماری سے کتاب اُٹھاکر سرورق پر نظر ڈالیں، کتاب اور مصنف کا نام غور سے ذہن میں بٹھانے کی نیت سے دیکھیں، اگر مختصر الفاظ میں تعارف لکھاہے تو اس کو پڑھ لیں، اور فہرست پر نظر ڈالیں، اس طرح کرنے سے کتاب سے مختصر تعارف ہو جاتا ہے جو بعد میں بہت کام آتا ہے۔

آدابِ مطالعہ

مطالعہ سے قبل

۱۔ مطالعہ کے وقت باوضو رہیں۔

۲۔ قبلہ رخ بیٹھ کر مطالعہ کرنا زیادہ مناسب ہے۔

۳۔ مطالعہ کا مقصد اور نیت بالکل واضح ہو کہ "اللہ تعالیٰ کا دین سیکھ کر اس پر خود عمل کروں اور لوگوں تک پہنچاؤں" اس کے علاوہ کوئی دنیوی مقصد یا نفسانی خواہش کی تکمیل نہ ہو۔

۴۔ مطالعہ کے لیے روزانہ وقت منتخب کریں، چاہے آدھ گھنٹہ کیوں نہ ہو۔ اور پھر اس وقت میں مطالعہ کا خوب اہتمام کریں۔ آپ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے: أَحَبُّ الأعمالِ إلى اللهِ أدْومُها و إن قَلَّ. اللہ تعالیٰ کو وہ عمل زیادہ محبوب ہے جو تسلسل کے ساتھ کیا جائے، چاہے کم مقدار میں کیوں نہ ہو۔

۵۔ مطالعہ کے لیے ایسے وقت کا انتخاب کریں جس میں آپ نشاط میں ہوتے ہیں۔ جن اوقات میں آپ عموماً تھکاوٹ اور اکتاہٹ کے شکار ہوتے ہیں اُن کو مطالعہ کے لیے منتخب نہ کریں۔

۶۔ کوشش کریں کہ شوروشغب سے دور کسی گوشہ تنہائی میں، یکسوئی کے ساتھ مطالعہ کریں۔

۷۔ اگر اس طرح یکسوئی کا ماحول میسر نہ ہو سکے تب بھی مطالعہ کو جاری رکھیں، مطالعہ میں استغراق آپ کو خود بخود یکسو بنا دے گا۔

۸۔ مطالعہ کے لیے مناسب نشست کا بندوبست کریں، جس میں صحیح طرح بیٹھ کر مطالعہ کر سکیں۔

۹۔ لیٹ کر مطالعہ نہ کریں کہ یہ آدابِ کتاب کے بھی منافی ہے اور صحت کے لیے بھی مضر۔

کتاب کا انتخاب

۱۰۔ مبتدی اور متوسط درجہ کے طلبہ کو چاہیے کہ مطالعہ کے لیے از خود کسی کتاب کا انتخاب کرنے کی بجائے اپنے استاد، مربی یا دیگر اہلِ علم سے رہنمائی لیتا رہے۔ تاکہ بے لگام مطالعہ کہیں غلط روی یا گمراہی کا پیشِ خیمہ نہ بنے۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو تورات کے مطالعہ سے سختی کے ساتھ منع فرما دیا تھا۔

۱۱۔ مبتدی طلبہ جب تک مطالعہ کے عادی نہ بن چکے ہوں، اس وقت تک مشکل اور خشک موضوعات کی بجائے آسان اور دلچسپ موضوعات پر مشتمل کتابوں کا مطالعہ کریں، جیسے: مستند واقعات وغیرہ کی کتابیں۔

۱۲۔ عربی کی صلاحیت اچھی ہو تو اردو کی بجائے عربی کتابوں کے مطالعہ کو ترجیح دیں۔

۱۳۔ منتہی درجات کے طلبہ اور فضلائے کرام کو ثانوی ماخذ کی بجائے اصلی اور بنیادی ماخذ کے مطالعہ کو ترجیح دینی چاہیے۔

دورانِ مطالعہ

۱۴۔ مطالعہ شروع کرنے سے قبل بسم اللہ اور دُعا "رب اشرح لی صدری۔۔۔"، اور "رب زدنی علما" پڑھ لیا کریں۔ بہتر ہے کہ درود شریف بھی پڑھ لیں۔

۱۵۔ کسی کتاب کا مطالعہ شروع کرنے سے قبل اس کی فہرست اور مقدمہ پر غور سے نظر ڈالیں۔ پھر اگر پوری کتاب بالاستیعاب پڑھنے کے لائق ہو تو شروع سے آخر تک پڑھیں، ورنہ بصورتِ دیگر منتخب مقامات کا مطالعہ ضرور کر لیں۔

۱۶۔ مطالعہ کرتے وقت زبان سے الفاظ کا تلفظ نہ کریں تو زیادہ بہتر ہے کیونکہ اس سے مطالعہ کی رفتار میں اضافہ ہو گا، لیکن اگر تلفظ کیے بغیر توجہ پیدا نہ ہو سکے جیسا کہ بعض مبتدی طلبہ کے ساتھ ہوتا ہے تو دھیمی آواز میں تلفظ کر سکتے ہیں۔

۱۷۔ دورانِ مطالعہ اپنے پاس لغت کی کتاب ضرور رکھیں، تاکہ اگر کوئی لفظ سمجھ میں نہ آئے تو فوراً اس کا معنی دیکھ سکیں۔

۱۸۔ جو بات سمجھ میں نہ آئے، اس کو نوٹ کر کے بعد میں کسی استاد یا صاحب علم دوست سے حل کروائیں۔

۱۹۔ دورانِ مطالعہ تھک جائیں تو اُٹھ کر منہ ہاتھ دھولیں، اور دو چار منٹ کے لیے تھکاوٹ دور کرنے والے ورزش کرلیں۔ اگر پھر بھی نیند ستاتی رہے تو سو جائیں، کیونکہ اونگھتے ہوئے مطالعہ کرنے سے کماحقہ فائدہ حاصل نہیں کیا جاسکتا۔

۲۰۔ مطالعہ کے دوران اپنا موبائل فون مکمل بند یا کم از کم خاموش کر لیا کریں، تاکہ آپ کی یکسوئی میں خلل انداز نہ ہو۔ بالخصوص موبائل کے انٹرنیٹ کو تو ضرور بند کیا کریں۔

۲۱۔ مطالعہ کرتے وقت کتاب کے آداب کی مکمل رعایت رکھیں۔ اسے پیروں پر یا زمین پر نہ رکھیں۔

مطالعہ کو محفوظ کرنا

۲۲۔ دورانِ مطالعہ اپنے ساتھ ڈائری /کاپی رکھ کر اس میں مفید معلومات لکھنے کا اہتمام ضرور کریں۔

۲۳۔ جو یاداشت آپ تحریر کریں تو اس کے ساتھ کتاب کا نام، اور جلد و صفحہ کی نشاندہی بھی بروقت کریں تاکہ بعد میں بوقتِ ضرورت تلاش کی مشقت برداشت نہ کرنی پڑے۔

۲۴۔ یہ بھی ضروری ہے کہ کتاب کے مطالعہ کے دوران آپ کے ذہن میں جو مفید باتیں آجائیں وہ بھی تحریر کریں اوراس کے لیے ڈائری کا ایک الگ حصہ منتخب کریں۔

۲۵۔ اگر کتاب اپنی ملکیت میں ہو اوراس میں کوئی پروف کی غلطی یاکوئی اور قابل اصلاح بات نظر آئے تو اس کی اصلاح کرلیں، لیکن اگر کتاب آپ کی ملکیت نہ ہو تو مالک کی اجازت کے بغیر اس میں ہرگز لکھائی نہ کریں۔

۲۶۔ کسی کتاب کا مطالعہ شروع کرنے اور ختم کرنے کی تاریخ محفوظ کرلیا کریں۔

۲۷۔ ہوسکے تو کتاب پڑھ لینے کے بعد کتاب اور مصنف کے بارے میں اپنے تاثرات مختصر الفاظ میں قلمبند کرلیں۔

۲۸۔ کتاب کے مصنف کے لیے دعا کا اہتمام کریں، اس سے آپ کو فیض اچھی طرح منتقل ہوسکے گا۔

آدابِ کتاب

۱۔ کتاب کو طہارت کی حالت میں اٹھائیں۔

۲۔ کتاب کو ادب سے اٹھائیں۔ ہاتھ میں لٹکتا ہوا نہ پکڑیں، بلکہ سینے سے ملا کر پکڑیں۔

۳۔ دائیں ہاتھ میں پکڑیں۔

۴۔ زمین پر نہ رکھیں، نہ ہی کسی گندی یا نجس چیز پر رکھیں۔

۵۔ جس سطح پر خود بیٹھے ہوں کتاب کو اسی سطح پر نہ رکھیں بلکہ اس سے اوپر کسی تپائی، میز وغیرہ پر رکھیں، یا ہاتھ میں پکڑیں۔

۶۔ کتابوں کو اوپر نیچے رکھتے ہوئے مراتبِ علوم کی رعایت رکھی جائے۔ سب سے اوپر قرآنِ کریم، اس کے نیچے کتبِ حدیث، پھر کتبِ تفسیر، پھر کتبِ عقیدہ وکلام، پھر کتبِ فقہ واصولِ فقہ، پھر کتبِ لغت، صرف، نحو وبلاغت، پھر کتبِ ادب اور پھر کتب منطق وفلسفہ وغیرہ رکھی جائیں۔

۷۔ کتاب کو الماری یا میز پر الٹا رکھنے سے گریز کیا جائے۔

۸۔ کتاب پر فضول لکھائی نہ کی جائے۔ صرف پہلے صفحے پر اپنا نام، تاریخ خرید، قیمتِ خرید اور تاریخ مطالعہ صاف وخوشخط لکھ لیا جائے۔ دیگر اقوالِ زرین وغیرہ کو محفوظ کرنے کے لیے کاپی یا ڈائری کو استعمال کیا جائے، کتاب پر لکھنا مناسب نہیں۔

۹۔ کتاب کو دستر خوان نہ بنایا جائے کہ اس پر کھانے پینے کی چیزیں یا دیگر اشیا رکھ دی جائیں۔

۱۰۔ کتاب کو تکیہ بناکر اس پر ٹیک لگانا یا سرہانہ بناکر اس پر سر رکھنا کتاب کی سخت بے ادبی ہے۔

۱۱۔ کتاب کو الماری یا بستہ بھی نہ بنایا جائے کہ اس میں طرح طرح کے غیر متعلقہ کاغذات وغیرہ رکھ لیے جائیں۔

۱۲۔ کتاب سے کسی مچھر مکھی وغیرہ کو نہ مارا جائے، نہ ہی اس سے دستی پنکھے کا کام لیا جائے۔

۱۳۔ کسی صفحے کو موڑنا بھی ٹھیک نہیں۔ یادداشت کی غرض سے صفحہ موڑنے کی بجائے کوئی کاغذ یا کارڈ وغیرہ رکھنے کا طریقہ اپنایا جائے۔

۱۴۔ اگر کتاب اپنی ملکیت میں ہو تو اس میں موجود طباعتی اغلاط کی تصحیح کرنی چاہیے۔

۱۵۔ کسی کو کتاب دینی ہو تو اسے پھینکا نہ جائے بلکہ دونوں ہاتھوں سے ادب کے ساتھ پکڑ کر دی جائے۔

۱۶۔ کتابوں کے لیے اس طرح محفوظ الماری کا بندوبست کیا جائے، جس میں کتابیں پانی، دھوپ اور گرد و غبار سے محفوظ رہیں۔

۱۷۔ کتابوں کی طرف پیر نہ پھیلائے جائیں۔

۱۸۔ کتابوں کو پھلانگنا بھی خلافِ ادب ہے اس لیے اس سے بھی احتراز لازم ہے۔

۱۹۔ کتابوں کے بیچ میں سے کوئی کتاب نکالنی ہو تو آرام سے اور صحیح طریقے سے نکالی جائے تاکہ بے احتیاطی سے اس کی جلد پھٹ نہ جائے۔

۲۰۔ اوراق کو صحیح طریقے سے پلٹا یا جائے اور ادب کا تقاضہ ہے کہ اس میں تھوک سے کام نہ لیا جائے۔

۲۱۔ وقتاً فوقتاً کتابوں کی صفائی اور ان سے گرد و غبار جھاڑنے کا اہتمام ہونا چاہیے۔

کتابوں کی حفاظت

۱۔ کتاب کا بالکل پہلا صفحہ جو عموماً خالی ہوتا ہے، اس کے اوپر بائیں کونے پر اپنا نام، تاریخ خرید اور قیمت صاف لکھیں۔

۲۔ بہتر ہوگا کہ اپنی کتابوں کے لیے ایک مہر بنادیں اور ہر کتاب پر مہر لگانا یقینی بنائیں۔

۳۔ کتابوں کا ریکارڈ محفوظ رکھنے کے لیے ایک رجسٹر تیار کریں، جس میں اپنی تمام کتابوں کے نام درج کرنے کا اہتمام کریں۔ رجسٹر میں کم از کم درج ذیل کوائف ہوں: نمبر شمار، نام کتاب، نام مصنف، ناشر، فن، تعداد جلد، تعداد صفحات۔

۴۔ کتاب اگر مجلد ہو تو اس پر پلاسٹک کور چڑھانے کا اہتمام کریں۔

۵۔ اگر مجلد نہ ہو اور صفحات سو یا اس سے زیادہ ہو تو پہلے اس کی اچھی سی جلد کروائیں، پھر پلاسٹک کور چڑھادیں۔

۶۔ ماہرین کے مطابق کتابوں کے لیے لکڑی کی بجائے لوہے کی الماری زیادہ مناسب ہے کیونکہ اس میں دیمک لگنے کا خطرہ نہیں ہوتا۔

۷۔ الماریاں بند ہونی چاہیے تاکہ کتابیں گرد و غبار سے محفوظ رہیں۔

۸۔ کتابیں رکھنے کے لیے ایسے کمرے کا انتخاب کریں، جو ہوادار تو ہو لیکن کھڑکیاں اور روشن دان زیادہ نہ ہوں، تاکہ زیادہ دھوپ اور گرد و غبار نہ پڑے۔

۹۔ متوسط درجہ حرارت والی جگہ میں کتابیں رکھنی چاہیے۔

۱۰۔ کتابوں کو کمرے میں ایسی جگہ رکھیں کہ دھوپ براہِ راست کتابوں پر نہ پڑے کیونکہ دھوپ پڑنے سے کاغذ کی عمر کم ہو جاتی ہے۔

۱۱۔ کتابوں کو بچوںؑ کی پہنچ سے دور رکھیں۔

۱۲۔ دیمک وغیرہ سے متاثر کتاب کو دیگر کتابوں سے الگ اور دور رکھیں۔

۱۳۔ الماری میں کتابوں کو عموداً یعنی بالکل سیدھا رکھیں۔ اگر کتب ایک طرف جھکی ہوئی ہو تو اس سے جلد اور صفحات بری طرح متاثر ہو جاتے ہیں۔

۱۴۔ الماری سے کتاب اٹھاتے وقت سلیقے سے اُٹھائیں تاکہ اس کی جلد یا صفحات متاثر نہ ہوں۔

۱۵۔ مکتبہ اور کتابوں کی صفائی کا خیال رکھیں۔

۱۶۔ کتابوں کی الماری میں پانی، تیل، سیاہی یا کھانے پینے کی کوئی چیز نہ رکھیں۔

۱۷۔ برسات کے موسم میں کتابوں کی دیکھ بھال ضرور کریں، اگر کتابوں میں نمی محسوس ہو تو اس کے ازالے کی کوشش کریں کیونکہ نمی کی صورت میں "کتابی جوئیں" پیدا ہوتی ہیں۔ نمی کے ازالے کے لیے چند منٹ تک دھوپ میں رکھیں۔ بہت زیادہ دیر بھی دھوپ میں نہ رکھیں کیونکہ اس سے کاغذ کی عمر کم ہو جاتی ہے۔

۱۸۔ اگر چوہوں کا خطرہ ہو تو الماریوں میں کافور رکھیں۔

۱۹۔ فینائل کی گولیاں رکھنا بھی مفید ہے۔ بہت سارے کیڑے اس سے بھاگتے ہیں۔

۲۰۔ کتاب مطالعہ کرنے کے بعد فوراً اپنی جگہ پر پہنچا دیں۔

۲۱۔ حشرات الارض سے حفاظت کے لیے وقتاً فوقتاً سپرے کرنے کا اہتمام کریں۔

چند اہم مکتبے

کتابیں خریدنے، منگوانے یا قیمت معلوم کرنے کے لیے ذیل میں پاکستان کے مختلف شہروں کے چند مکتبوں کے نام اور رابطہ نمبر درج کیے جاتے ہیں۔

کراچی

نام و پتہ	رابطہ
مکتبہ معارف القرآن، جامعہ دارالعلوم کراچی	0300 2150304
مکتبۃ البشریٰ، کراچی	0334 2212230 0302 2534504 0321 2196170
دارالاشاعت، اردو بازار، کراچی	021 2637650 021 2213768
مجلسِ نشریاتِ اسلام، کراچی	021 36601817 021 36600896
مکتبۃ الحمد، بنوری ٹاؤن، کراچی	021 34858688
مکتبہ عمر فاروق، شاہ فیصل کالونی، کراچی	0334 3432345
بیت العلم ٹرسٹ، کراچی	0322 2583199
زمزم پبلشرز، نزد مقدس مسجد، اردو بازار کراچی	0335 1111326
مکتبہ قاسمیہ، بنوری ٹاؤن کراچی	0321 2357200
المنہل پبلشرز، کراچی	0321 3135009

کتب خانہ مظہری، گلشن اقبال کراچی	0314 2248756
ادارۃ الانور، بالمقابل جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی	021 34914596

لاہور

ادارہ اسلامیات، انار کلی، لاہور	0321 7989769
دارالسلام، لاہور	042 37324034
مکتبہ رحمانیہ، اردو بازار، لاہور	042 37224228 0321 4200445
فیروز سنز، مال روڈ، لاہور	042 36301196
مکتبہ سید احمد شہید، لاہور	042 37228272
مکتبۃ الحرمین، اردو بازار، لاہور	0321 4399313
المصباح، اردو بازار، لاہور	042 37124656
مکتبۃ العلم، لاہور	042 37211788

ملتان

ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، چوک فوارہ، ملتان	0300 6395179 0311 1255248
مکتبہ امدادیہ، ملتان	061-544965(9)
مکتبۃ الخیر، ملتان	0307 7722311
مکتبہ اشاعت الخیر، ملتان	061 4544965
مکتبہ رحمانیہ ملتان	0301 7428011

راولپنڈی

کتب خانہ رشیدیہ، راجہ بازار، راولپنڈی	0335 9449021 (051) 5557877

فیصل آباد

مکتبۃ القرآن، فیصل آباد	041 2601922
اسلامی کتاب گھر، فیصل آباد	041 37223506 0323 2000921
مکتبۃ العارفی، جامعہ اسلامیہ امدادیہ، فیصل آباد	041 8215856

کوئٹہ

مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ، کوئٹہ	0333 7825484 081 2662263
مکتبہ اشرفیہ کانسی روڈ، کوئٹہ	0345 8305233

پشاور

مکتبہ عمر فاروق، محلہ جنگی پشاور	0348 9854781
مکتبۃ العصر، نوتھیہ پشاور	0314 9061952
دار الاخلاص، محلہ جنگی پشاور	091 2567539 0333 2533393
دار الکتب، محلہ جنگی پشاور	0302 9517440

مردان

مکتبہ احرار، مردان	0321 9872067

مکتبہ نعیمیہ، پار ہوتی مردان	0315 0932158

اکوڑہ خٹک

مکتبہ سید احمد شہید، اکوڑہ خٹک	0923 630946 0331 9984701
نیازی کتب خانہ، اکوڑہ خٹک	0313 9090423

ادع الی سبیل ربک بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ

احسن المواعظ

1

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد حسن جان شہید رحمہ اللہ

کے یگانہ علمی و اصلاحی مواعظ کا قیمتی مجموعہ

تصحیح و تحقیق

مفتی ذاکر حسن نعمانی

استاذ حدیث و تخصص جامعہ عثمانیہ پشاور

ضبط و ترتیب و تخریج

مولانا محمد یحییٰ

مدرس جامعہ عثمانیہ پشاور

العصر اکیڈمی جامعہ عثمانیہ پشاور

احسن المواعظ

1

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد حسن جان شہید رحمہ اللہ

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد حسن

کے یگانہ علمی و اصلاحی م

العصر اکیڈمی جامعہ